


# پیروں کے نشان

## بھولو اور پیروں کے نشان

ایک دن جنگل کی ریتیلی سڑک پر کچھ جانوروں کے بچے کھیل رہے تھے۔

اچانک ہاتھی چیخا۔ بھاگو! بھاگو! اپنے اپنے گھروں کو جاؤ۔ بھولو آرہا ہے۔ اپنے کیمرے سے تصویریں کھینچنے آرہا ہے۔

لہٰذا، سبھی بچے بھاگ گئے۔



جب بھولو اپنا کیمرہ لے کر وہاں پہنچا، تو اُس کو صرف ان جانوروں کے پیروں کے نشانات نظر آئے۔

✤ کیا آپ جانوروں کو اُن کے پیروں کے نشانات سے ملا سکتے ہیں؟



© NCERT not to be republished

## پڑھیے اور بنائیے

تمنّا اور اُس کی امی کرسیوں پر بیٹھی ہیں۔

تمنّا کہانی کی ایک کتاب پڑھ رہی ہے۔

اُس کی امی اخبار پڑھ رہی ہیں۔

تمنّا اور اُس کی امّی میز پر آمنے سامنے بیٹھی ہیں۔

تصویر میں چھوٹ گئی چیزوں کو بنائیے۔



© NCERT not to be republished

بچے ڈرائنگ بنانے کے لیے الگ الگ نظریے استعمال کر سکتے ہیں۔ مثلاً کچھ بچے میز کو اوپر سے دکھانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن کوئی بچہ اُس کے چاروں پیر دکھاتا ہے جبکہ کوئی دوسرا بچہ صرف دو ہی پیر دکھاتا ہے۔ بچوں کو اس بات کی آزادی دیجیے کہ اُن کو چیزیں جیسی نظر آ رہی ہیں وہ اُن کو ویسا ہی بنائیں۔ ٹیچر مختلف تصویروں کی شکل کے بارے میں بات چیت کر سکتے ہیں کہ وہ الگ الگ زاویوں سے کیسی نظر آتی ہیں۔

- اِس باکس میں کتے کے پنجوں کے نشانات بنائیے۔


- اپنے دوست کے پیروں کے نشان زمین پر بنائیے۔ کیا یہ آپ کے پیروں کے نشان سے چھوٹے ہیں؟

## چھاپیے اور اندازہ لگائیے



- روَن ایک پتّے کو چھاپ رہا ہے۔ آپ بھی کچھ چیزیں جمع کیجیے جیسے پتّیاں، پیبلس (کنکریاں) ڈنڈیاں، چوڑیاں، بندیاں وغیرہ۔ یہاں ان سب چیزوں کو چھاپیے۔

روبی نے ایک پیالے سے دو چھاپے بنائے۔







- روبی نے دو الگ الگ چھاپے بنانے کے لیے پیالے کو کیسے کیسے رکھا؟
- روبی کے پیالے جیسی اور چیزیں ڈھونڈیے۔ جن کی مدد سے مختلف طرح کے چھاپے بنائے جاسکیں۔

## گھر پر کیجیے

ایک اخبار پر اپنے گھر کے مختلف لوگوں کے ہاتھوں کے چھاپے بنائیے۔ اپنے دوستوں سے پوچھیے کہ وہ اندازہ لگائیں کہ کون سا ہاتھ آپ کا ہے کون سا آپ کے ابا کا اور کون سا آپ کی امی وغیرہ کا ہاتھ ہے۔

© NCERT not to be republished

✤ آپ نے جو چھاپے بنائے ہیں اُن کی بناوٹ پر دھیان دیجیے۔ دیکھیے، کیا اُن میں سے کوئی نیچے دی گئی اشکال سے ملتے ہیں۔ اشکال کے نیچے اُن چیزوں کے نام لکھیے۔

| |  |  |  |  |
|---|---|---|---|---|
| 1. | | | | |
| 2. | | | | |
| 3. | | | | |
| 4. | | | | |
| 5. | | | | |
| 6. | | | | |
| 7. | | | | |
| 8. | | | | |




چھاپنے کے بعد حاصل ہونے والی اشکال کے درمیان پائی جانے والی یکساں اور غیر یکساں چیزوں کو دیکھیے۔ اشکال میں کون سی چیزیں یکساں ہیں۔ مثلاً ایک باکس اور ایک ربر میں؟ ان کو ایک ہی کالم میں لکھیے۔ بچوں کو بڑھاوا دیجئے کہ وہ جتنی بھی اشکال کو کوئی نام دے سکتے ہیں دیں۔ دائرہ، مربّع، مستطیل وغیرہ جیسے الفاظ کو بچوں سے زیادہ سے زیادہ استعمال کرانے کی ضرورت ہے تاکہ یہ الفاظ اُن کی عام بول چال کی زبان کا حصہ بن جائیں۔



© NCERT not to be republished

## چھاپوں کے ذریعے اور مزے لیجیے

- کچھ چیزیں جمع کیجیے جیسے آلو، بوتل کا ڈھکّن ، ماچس کی ڈبیہ کا کور، کٹر، ربر، چائے کا چمچہ، بس کا ٹکٹ، ایک سکہ، اسٹرا آپ کچھ اور دوسری چیزیں بھی جمع کر سکتے ہیں۔
- ان میں سے ہر ایک کو چھاپیے اپنے دوست سے کہیئے کہ وہ اندازہ لگائیں کہ یہ کیا چیز ہے۔





© NCERT not to be republished

✤ اب آپ جیسی مختلف شکلوں کا استعمال کر کے اپنے آپ ایک تصویر بنائیے۔

✤ صرف کو استعمال کر کے ایک تصویر بنائیے۔


© NCERT not to be republished




تارانی نے مختلف شکلوں کا استعمال کر کے یہ تصویر بنائی ہے

تارانی کی تصویر کو دیکھیے اور بتائیے۔

کتنے  ہیں؟ ____________

کتنے  ہیں؟ ____________

کتنے  ہیں؟ ____________


کتنے  ہیں؟ ____________

© NCERT not to be republished

## بِسانیا کو سجاؤ


✤ بِسانیا ایک ناچ کے لیے تیار ہونا چاہتی ہے۔ باکس میں دی گئیں مختلف شکلوں کا استعمال کر کے اِس کو زیورات پہنائیے۔








## شکلوں اور چہرے

(الف) پہلے چہرے پر  شکلوں کا استعمال کر کے چشمہ پہنائیے۔

(ب) دوسرے چہرے پر  شکل کا استعمال کر کے مونچھے بنائیے۔

(پ) تیسرے چہرے پر  شکل کا استعمال کر کے منہ بنائیے۔

(د) آخری چہرے پر  شکل کا استعمال کر کے چہرہ بنائیے۔



© NCERT not to be republished